Australian Government
Department of Home Affairs

نئے اسٹوڈنٹ ویزا کے لیے درخواست دینا

COVID-19 کی وجہ سے، ویزا پروسیسنگ کے بعض اوقات متاثر ہوئے ہیں اور درخواستوں کو مکمل کرنے میں پہلے کی نسبت زیادہ وقت لگ سکتا ہے۔

ہم طلباء کو ترغیب دلاتے ہیں کہ وہ محکمہ امور داخلہ کو اسٹوڈنٹ ویزا کی مکمل درخواستیں فراہم کریں۔ جملہ تقاضے ملاحظہ کرنے کے لیے، طلباء دستاویز چیک لسٹ ٹول کا استعمال کر سکتے ہیں۔

ایک مکمل درخواست سے جلد کارروائی میں آسانی گی۔

مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں ویزا پروسیسنگ کے اوقات ۔

اسٹوڈنٹ ویزا فیس کی معافی

ہم ویزا درخواست کی فیس معاف کردیں گے تاکہ اگر آپ کے پاس مورخہ 1 فروری 2020 کو یا اس کے بعد ایک اسٹوڈنٹ ویزا ہو اور آپ COVID-19 کے اثرات کی وجہ سے اپنے اصل ویزا کی میعاد کے اندر اپنا کورس مکمل نہیں کرسکتے ہیں تو آپ ایک مزید اسٹوڈنٹ ویزا کی درخواست جمع کرا سکیں۔ جس میں مندرجہ ذیل صورتیں شامل ہیں:

- آپ نے اس وجہ سے اپنی تعلیم مؤخر کردی تھی کہ آپ سفری پابندیوں کے چلتے آسٹریلیا میں داخل ہونے سے قاصر تھے
- آپ پارٹ ٹائم اسٹڈی لوڈ تک محدود ہونے پر مجبور ہو گئے تھے
- آپ اپنی کام پر مبنی ٹریننگ یا پلیسمنٹ مکمل کرنے میں ناکام رہے تھے۔

اس اقدام میں وہ طلباء شامل نہیں ہیں جو عمومی وجوہات کی بناء پرایک نئے اسٹوڈنٹ ویزا کے لیے درخواست دے رہے ہیں (جس میں آپ کا کسی کورس یا پڑھائی کے کسی حصے میں فیل ہونا، ذاتی وجوہات کے باعث پڑھائی مؤخر کرنا یا رضاکارانہ طور پر اپنے اسٹڈی لوڈ کو کم کرنا شامل ہے۔)

اپنی درخواست کو فیس معافی کے تحت زیرِ غور لانے کے لیے، آپ کو اسٹوڈینٹ ویزا کی درخواست دینی ہوگی اور اپنے تعلیمی ادارے کی جانب سے ایک تکمیل شدہ فارم 1545 COVID-19 سے متاثرہ طلباء (PDF 228 KB) کو منسلک کرنا ہوگا۔

اگر آپ آسٹریلیا میں فیس معافی کے لیے درخواست دے رہے ہیں تو، بریجنگ ویزا خود بخود جاری نہیں کیا جائے گا کیونکہ پہلے فیس میں چھوٹ کی جانچ پڑتال کی جانی لازمی ہے۔

یہ چھوٹ صرف ویزا درخواست کے اخراجات پر لاگو ہوتی ہے۔

اس کے علاوہ، اسٹوڈنٹ ویزا کے ایسے حاملین جو آسٹریلیا سے باہر ہیں اور مورخہ 19 جنوری 2022 اور 19 مارچ 2022 کے درمیان سفر کرتے ہیں، وہ اپنے ویزا کی درخواست کے اخراجات کا ریفنڈ حاصل کرنے کے اہل ہوں گے۔ VAC ریفنڈ کے لیے درخواست دینے کے طریقے کے بارے میں مزید معلومات ریفنڈ حاصل کرنا پر دستیاب ہے۔

فارم 1545 COVID-19

تعلیمی اداروں کو اس بات کی پوری تسلی کر لینی چاہیے کہ آپ کے پاس مورخہ 1 فروری 2020 کو یا اس کے بعد ایک اسٹوڈنٹ ویزا ہے اور یہ بھی کہ آپ COVID-19 کی وجہ سے اپنے اصل ویزا کی میعاد میں اپنا کورس مکمل نہیں کرسکتے۔

آپ اپنے مکمل فارم کے ساتھ COVID-19 سے متعلقہ اثرات کے مزید ثبوت جمع کروا سکتے ہیں۔

اضافی معلومات کے لیے فلیکسِبل ٹائم فریمز – انگریزی ٹیسٹ، بایومیٹرکس اور صحت

اگر آپ COVID-19 کی وجہ سے ٹیسٹ نہیں دے سکے تھے، تو انگریزی زبان کے امتحان کے نتائج فراہم کرنے کے لیے ہم آپ کو اضافی وقت کی اجازت بھی دیتے ہیں۔ جہاں COVID-19 کے سبب خدمات تک رسائی حاصل کرنا متاثر ہوا ہے، وہاں بایومیٹرکس جمع کرنے اور صحت کی جانچ کے لیے اضافی وقت بھی دیا جائے گا۔

جہاں آپ نے مستقبل میں 28 دنوں سے زیادہ طویل مدت کے لیے ان میں سے کسی ایک یا زیادہ خدمات کے لیے اپائنٹمنٹ لی ہے، تو آپ اپنی بکنگ کی تصدیق ImmiAccount میں منسلک کرسکتے ہیں۔

براہ مہربانی ImmiAccount کے ذریعے محکمہ کو مطلع کرنے کے لیے معلومات کی درخواستوں کا جواب دیں، یعنی یہ کہ اگر آپ کو ضرورت ہو تو آپ کو اضافی وقت درکار ہے۔

موجودہ ویزا حاملین

COVID-19 کی وجہ سے تاریخ آغاز کے حوالے سے لچکدار انتظامات

محکمہ اس بات کو اچھی طرح سے سمجھتا ہے کہ COVID-19 کے چلتے پابندیوں کی وجہ سے بعض طلباء وقت پر اپنی پڑھائی شروع کرنے سے قاصر رہ سکتے ہیں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے تعلیمی ادارے کے علم میں ہے کہ آپ COVID-19 سے متعلقہ پابندیوں کی وجہ سے اپنی تعلیم شروع نہیں کر سکتے ہیں۔ ایسے اختیارات بھی موجود ہیں جو اس بات کو یقینی بنا سکتے ہیں کہ آپ اپنے ویزا کی شرائط کی خلاف ورزی نہیں کر رہے ہیں۔ آپ کا تعلیمی ادارہ آپ کو بتا سکتا ہے کہ آپ کی صورت حال کے مطابق آپ کے لیے کون سے اختیارات دستیاب ہیں۔

اگر آپ کے پاس اسٹوڈنٹ ویزا ہے اور اگر آپ COVID-19 کی پابندیوں کی وجہ سے سفر نہیں کر سکتے ہیں تو، اپنے تعلیمی ادارے سے رابطہ کریں۔ ہمیشہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ نے تعلیم کے ایک منظور شدہ کورس میں داخلہ لیا ہوا ہے۔

دھیان میں رکھیں کہ ہم آپ کا ویزا منسوخ کر سکتے ہیں اگر:

- آپ وقت پر پڑھائی شروع کرنے میں ناکام رہتے ہیں، یا
- آپ کے پاس ایک حالیہ یا فعال داخلے کی تصدیق (CoE) نہیں ہے۔

آپ کا تعلیمی ادارہ آپ کی مدد کر سکتا ہے تاکہ آپ کے ساتھ ایسا کچھ نہ ہو۔

اگر آپ آسٹریلیا سے باہر ہیں اور آپ کے پاس ایک فعال یا حالیہ CoE نہیں ہے، تو (VEVO) پر اپنے ویزا کا اسٹیٹس چیک کریں۔ کسی بھی سفر کا منصوبہ بنانے سے پہلے یہ کام کرلیں تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ آپ کے ویزا کا اسٹیٹس تبدیل نہیں ہوا ہے۔

آپ کی تعلیم کی صورت حال بدل گئی ہے بھی ملاحظہ کریں۔

اسٹوڈنٹ ویزا کی شرائط

ہم ایسے معاملوں میں کافی نرمی کا رویہ اختیار کر رہے ہیں، جہاں COVID-19 کی پابندیوں کی وجہ سے اسٹوڈنٹ ویزا کی شرائط پوری نہیں ہو پائی ہیں۔ درج ذیل صورتوں میں آپ اپنے اسٹوڈنٹ ویزا کی شرائط کی خلاف ورزی نہیں کررہے ہوں گے:

- اگر آپ کے پاس کورس مؤخر کرنے کی اجازت ہے
- اگر آپ آن لائن تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔

حالیہ افرادی قوت کی کمی کی وجہ سے، حکومت وقتی طور پر معیشت کے تمام شعبوں میں اسٹوڈنٹ ویزا کے حاملین کے کام کے اوقات کی حدود کو ہٹا رہی ہے، ملاحظہ کریں طلباء اور ورکنگ ہالیڈے میکرز کے لیے ورک ویزا کی شرائط میں عارضی تبدیلیاں۔ یہ تمام موجودہ طلباء اور اُن نئے آنے والے طلباء کے لیے ایک عارضی اقدام ہے جو اپنا کورس شروع ہونے سے پہلے کوئی نوکری تلاش کرنا اور کام شروع کرنا چاہتے ہیں اور اپریل 2022 میں اس کا دوبارہ جائزہ لیا جائے گا۔ اس میں ثانوی درخواست دہندگان بھی شامل ہیں۔

مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں اسٹوڈنٹ ویزا کے حاملین کے لیے کام کرنے کے اوقات کی عارضی رعایت ۔

طلباء کے لیے ویزا درخواست کی فیس کے ریفنڈ

حکومت اسٹوڈنٹ ویزا کے حاملین کو جلد از جلد آسٹریلیا واپس آنے کے لیے کچھ مراعات دے رہی ہے تاکہ COVID-19 کی وجہ سے ملک میں پیدا ہونے والی افرادی قوت کی کمی کے موجودہ مسئلے کو حل کیا جا سکے۔

کوئی بھی اسٹوڈنٹ ویزا کا حامل جو فی الحال کسی غیر ملک میں رہ رہا ہے اور مورخہ 19 جنوری 2022 اور 19 مارچ 2022 کے درمیان آسٹریلیا کا سفر کرتا ہے، وہ اپنے ویزا کی درخواست کے اخراجات کا ریفنڈ حاصل کرنے کا اہل ہوگا۔ آپ مورخہ 31 دسمبر 2022 تک ریفنڈ کے لیے درخواست دے سکیں گے۔ VAC ریفنڈ کے لیے درخواست دینے کے طریقے کے بارے میں مزید معلومات ریفنڈ حاصل کرنا پر دستیاب ہے۔

ہمیں کب مطلع کرنا ہے

اگر آپ گھر واپس لوٹتے ہیں، یا اگر آپ کی تعلیم کی صورت حال بدل جاتی ہے تو آپ کو ہمیں بتانے کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ کا ویزا تب تک درست رہتا ہے جب تک کہ آپ دوسرے ویزا کے لیے درخواست جمع نہیں کراتے، یا آپ کے ویزا کی میعاد ختم نہیں ہوجاتی۔ اگر آپ گھر واپس لوٹتے ہیں یا اپنی تعلیم مؤخر کرتے ہیں تو آپ کے ویزا کی کیفیت تبدیل نہیں ہوگی۔

تعلیمی ادارے نئی اندراج کی تصدیق (CoE) جاری کرسکتے ہیں اور آن لائن تعلیم حاصل کرنے کے لیے طلباء کا داخلہ کرسکتے ہیں۔ اگر آپ کے پاس درست اسٹوڈنٹ ویزا ہے، تو آپ کا تعلیمی ادارہ ہمیں آپ کی نئی CoE فراہم کرے گا۔

اگر آپ کی اسٹوڈنٹ ویزا کی درخواست زیر التواء ہے، تو آپ ImmiAccount کے ذریعہ اپنی درخواست میں اپنا نیا CoE منسلک کرسکتے ہیں۔

مزید معلومات

بین الاقوامی طلباء کے لیے متعدد سرکاری ایجنسیوں میں معلومات دستیاب ہیں، جن میں درج ذیل شامل ہیں:

- تازہ خبروں، اپڈیٹس اور مشورے کے لیے آسٹریلیائی حکومت COVID-19۔
- محکمہ تعلیم، مہارت اور روزگار اور ای میل international.students@dese.gov.au
- بیرون ملک مقیم طلباء کے صحت کی کفالت کے لیے محکمہ صحت
- COVID-19 سے متعلق شکایات کے لیے بین الاقوامی طالب علم اومبُڈسمن
- سپورٹ سروسز سے متعلق معلومات کے لیے اسٹڈی آسٹریلیا۔